کرتے، ضدی اور ہٹ دھرم ہیں جس بات پر اڑ جائیں اس سے ٹس سے مس نہیں ہوتے۔۔۔۔

یہ باتیں سن کر نہ صرف اس محفل نے یہ بات مان لی، بلکہ آپ لوگ بھی اتفاق کریں گے کہ ہم اپنی خوبیوں کو صرف اپنی ہی نگاہ سے کیوں دیکھتے ہیں، ہو سکتا ہے ہماری جو خوبی ہو وہ دوسرے کے نقطہ نظر سے خامی ہو؟؟؟

جہاں تک بات رہی میری خامی اور خوبی کی تو میرے نزدیک میری خوبی یہ ہے کہ میں بہت خوش مزاج ہوں اور اپنے دکھ کا اظہار نہیں ہونے دیتا، میری اپنی ذات کا کہیں پر نقصان ہو رہا ہو تو میں اُن دنوں پہلے سے زیادہ خوش نظر آتا ہوں۔

خامی، میں معاشرے کے ساتھ خود کو تبدیل نہیں کرتا، اور اپنے ساتھ سچ نہیں بولتا۔

جواب 24:- نہیں میں جلد مایوس نہیں ہوتا البتہ جو کام نہ ہو رہا ہو اُسے کچھ عرصے کے لیے نظر انداز کر دیتا ہوں اور مناسب وقت کا انتظار کرتا ہوں اسی کو آپ میرا حل نکالنا کہہ لیں۔

جواب 25:- جب پاکستان میں ہوتا تھا تو کتابیں پڑھتا تھا اور غزلیں سنتا تھا اب یہاں پر میں میری تنہائی اور میرا لیپ ٹاپ :)۔

جواب 26:- اگر میں کر سکتا تو۔۔۔۔ پاکستان کو بلند قوموں کے مقابل لا کھڑا کرتا، لیکن اپنی روایات اور مذہب کی قربانی دیے بغیر۔۔۔۔۔

جواب 27:- یہ تو (۲۳) نمبر والا سوال ہی دوسری طرح سے پوچھ لیا :)

خیر اب پوچھ لیا ہے تو میں اپنی کچھ عادتوں کے بارے میں بتا دیتا ہوں، اچھی اور بری کا فیصلہ آپ احباب خود کر لیں، میں فارغ نہیں بیٹھ سکتا کچھ نہ کچھ کرتا رہنا چاہتا ہوں، بولتا بہت زیادہ ہوں، مسلسل ایک جیسی روٹین سے اکتا جاتا ہوں، کھانے میں نمک تیز کھاتا ہوں، اپنی ڈریسنگ کا کچھ خاص خیال نہیں رکھتا، وغیرہ وغیرہ وغیرہ۔

جواب28:۔ پسندیدہ کتاب؟؟؟بہت سی ہیں ۔پسندیدہ مصنف قمراجنالوی،ایم اے راحت، محی الدین نواب، علیم الحق حقی، مظہر کلیم ایم اے، اور بہت سے

کلام بے شمار پسند ہیں، بعض مرتبہ کچھ کلام ایسے وقت میں پڑھ رہے ہوتے ہیں جو آپ کے موجودہ حالات کی عکاسی کر رہا ہوتا ہے تو وہ اس وقت بہت ہی عمدہ لگتا ہے۔

فرحت عباس کے یہ مصرے بہت پسند ہیں

میرا سچا، سچ مچ پال سائیں، تیرے بھید عجب تیرے راز عجب
تیرے سچے سُر سامان عجب، تیری صوت عجب تیرے ساز عجب
تیرا قہر عجب تیرا مہر عجب، تیرے کرم عجب تیرے ناز عجب
مُجھ بے پر کا بھی دھیان رکھیں تیرے باز عجب شہباز عجب

شاعروں میں فرحت عباس شاہ ایسا نام ہے جس کی شاعری پڑھ کر مجھے شعر لکھنے کا شوق پیدا ہوا باقی احمد فراز، قتیل شفائی، سعد اللہ شاہ، حبیب جالب، امجد اسلام امجد، پروین شاکر میرے پسندیدہ ترین شاعر ہیں۔

جواب29:۔ کسی روتے ہوئے کو ہنسنے سے لگانا۔

جواب30:۔ نصیحت ہمیشہ کرنا ہی اچھا اور آسان لگتا ہے لیکن مجھے لگتا ہے کہ میں زیادہ تر نصیحتیں مان لیتا ہوں اور دوسرے کو نصیحت کرنے سے پہلے سوچتا ہوں کہ میں اس پر عمل کرتا ہوں کہ نہیں اگر عمل نہیں کرتا تو پھر نصیحت بھی نہیں کرتا۔

جواب 31۔ دو وجوہات کی بنا پر مجھے کوئی برا کہے گا، ایک تو یہ کہ میں نے کوئی غلط کام کیا ہوگا جس کی وجہ سے اس کو نقصان ہوا ہوگا تو لازمی ہے کہ میں اپنی اصلاح کروں اور اس کے نقصان کا ازالہ کروں اور دوسری وجہ یہ ہوگی کہ وہ فرد مجھ سے جیلس ہے جس کی وجہ سے وہ مجھ میں کیڑے نکالنے پر مجبور ہو گیا ہے سو وہ ایک بیماری میں مبتلا ہو گیا ہے اور میں اس کے لیے صرف دعا ہی کر سکتا ہوں۔

جواب 32۔ مجھ سے کوئی ناراض ہو جائے تو میں اسے منائے بغیر ایک الجھن سی محسوس کرتا ہوں میری اس کمزوری کو لوگ جانتے ہیں اور کبھی کبھی اپنی بات منوانے کے لیے اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

جواب 33۔ میری کامیابیاں زیادہ تر "میرے دوست دانش رحمان" کی مرہون منت ہیں میں سچ نہیں بولوں گا اگر اس فرد کا نام لیے بغیر یہ کہہ دوں کہ میں نے یہ حاصل کیا وہ حاصل کیا حد یہ کہ اس وقت میں سعودیہ میں اسی فرد کی وجہ سے موجود ہوں، سو میری کامیابیاں سو فیصد مجھ اکیلے کی جدوجہد کا نتیجہ نہیں۔ جو حاصل کرنا چاہتا ہوں اس پر الحمدللہ گامزن ہوں دیکھیں کامیاب ہوتا ہوں کہ نہیں

جواب 34۔ یہ سوال نمبر 19 دوبارہ آ گیا ہے لہٰذا جواب بھی نمبر 19 پڑھ لیں :)

جواب 35۔ بہت پہلے میں نے فرحت عباس کی شاعری کو ایک نوٹ بک پر ڈیزائن کرنا شروع کیا تھا اس پر کافی ڈرائنگز بنائی تھیں لیکن وہ نوٹ بک تو پاکستان میں رہ گئی البتہ کمپیوٹر پر جو شروع شروع کی ڈرائنگز بنائی تھیں ان میں سے کچھ اس وقت میرے پاس موجود ہیں جن میں سے ایک دو شیئر کر رہا ہوں۔ البتہ اس وقت مجھے ایڈوب پر فریم بنانا نہیں آتا تھا اس کے لیے میں "پیغام" دوستوں کا شکر گزار ہوں۔

جواب 36۔ گوگل پر اردو پوئٹری سرچ کر رہا تھا تو وہاں پر ایک ڈرائنگ کے اوپر "پیغام ذات کام" لکھا دیکھا بس وہ دن اور آج کا دن ـــــــ

جواب 37:۔ شروع شروع میں تو پیغام اکیڈمی تھا کیونکہ وہاں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا تھا، پھر پیغام شاعری سیکشن ہوا اور اب گپ شپ ہی رہ گیا ہے کیونکہ یہاں کچھ رونق نظر آتی ہے۔

جواب 38:۔ پیغام پر پسندیدہ ممبر تو بہت سے ہیں اگر نام لکھتے ہوئے کسی کا نام لکھنا بھول گیا تو؟؟؟ جہاں تک بات رہی کیوں تو وہ ہے سب کا ایک دوسرے کا احترام کرنا اور دوسرے کی بات کو سمجھنا کسی مشکل میں اسے حل کرنے کی کوشش کرنا وغیرہ۔

جواب 39:۔ کچھ خاص نہیں بس یہ ہوتا ہے کہ بعض مرتبہ کسی سنجیدہ بات پر مزاق شروع ہو جاتا ہے یا جس فرد نے اپنا تھریڈ کسی خاص مقصد کے لیے لگایا ہوتا ہے تو اس میں کچھ ممبران آپس کی گپیں لگانی شروع کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے تھریڈ لگانے والے لگوا ہے موضوع کے اعتبار سے باتیں چھپ جاتی ہیں۔ مانا کہ گپ شپ گپیں لگانے کے لیے ہے لیکن گپیں اس حوالے سے لگائی جائیں جس حوالے سے تھریڈ اسٹارٹ ہوا ہے۔

جواب 40:۔ پیغام دوستوں کے نام پیغام تو یہی ہے کہ اس فورم کو اتفاق اتحاد کا نمونہ بنائیں۔ جھگڑوں کی نظر نہ کریں محبتیں بانٹیں اور محبتیں سمیٹیں۔

جہاں تک بات رہی ایڈمن کی تو کون ایڈمن کہاں کا ایڈمن یہ ایک ایسا جہاز ہے جو سمندر کی موجوں پر ہوا کے رخ پر خود ہی رواں دواں ہے اس جہاز کے مسافروں کو نہیں معلوم کہ اگر کوئی بھنور یا پہاڑی کھائیاں آ گئیں تو اس جہاز کا کیا بنے گا؟؟؟

اللہ جی کریں کہ مسعود بھائی خیر و عافیت ہوں اور وہ واپس آ کر اس جہاز کی کپتانی سنبھال لیں، پیغام کے لیے مناسب ٹیم تشکیل دیں پیغام کے بھولے ہوئے دوستوں کو واپس لائیں بے شک کہ اس وقت خان جی، احمر بھائی، آنچل جی، ہالہ جی، راجہ جی اور ایک دو مزید ممبران بہت ہمت بندھا رہے ہیں اس جہاز کو رواں دواں رکھنے کی لیکن پھر بھی پیغام اس وقت جمود کا شکار ہے آپ دوست ہاسنگ اپن ایکسپرٹ میں دیکھ

لیں یا مجھے کچھ کہنا ہیں جا کر جائزہ لے لیں یا پھر اسلامی سیکشن پر نظر ڈالیں وہاں بھی کئی دوستوں کے مسئلے مسائل اسی طرح پڑے ہوئے ہیں جو نئے ممبران بنتے ہیں ان لوگوں کو گائیڈ کرنے والا نہیں، کچھ دن وہ بیچارے نظر آتے ہیں اور پھر ادھر ادھر سر پٹخ کر لوٹ جاتے ہیں۔ کبھی کبھی مجھے یہ خیال بہت پریشان کرتا ہے کہ اگر مسعود بھائی لوٹ کر نہ آئے تو آخر کو پیغام سرور کی فیس کی تاریخ ختم ہو جائے گی اور پھر شاید پیغام ہمیشہ کے لئے کسی سمندر میں گم ہو جائے :(

لہذا اگر مسعود بھائی کہیں ہیں تو پلیز پلیز واپس آ جائیں اور اس جہاز کی کپتانی سنبھالیں۔

آخر میں، میں آپ سب دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ احباب نے میری گپیں برداشت کیں اور اس سلسلے کو دوبارہ شروع کرنے کے لئے مجھے سب سے پہلے ترجیح دی۔

اللہ جی آپ سب کو شاد و آباد رکھیں آمین